15اپریل2016ء

اسٹیٹ بینک نے نجی کریڈٹ بیوروز کے لیے ضوابطی فریم ورک جاری کردیا

بینک دولت پاکستان نے 15اپریل 2016ء کو جاری کردہ نوٹی فکیشن کے ذریعے پاکستان کے نجی شعبے میں کریڈٹ بیوروز کے قیام کے لیے 'کریڈٹ بیوروز ضوابط اور لائسنسنگ معیارات' جاری کردیے ہیں۔ ان ضوابط میں کریڈٹ بیوروز کے لیے کارپوریٹ گورننس، ڈیٹا کے تحفظ، عملی کارکردگی اور صارفین کی شکایات کے ازالے کے متعلق ضوابطی شرائط دی گئی ہیں۔ شفافیت کو یقینی بنانے اور ممکنہ امیدواروں کو درخواست دینے کے طریقہ کار اور کریڈٹ بیوروز کے قیام کے لیے درخواستیں جانچنے کے اہم پیمانوں کی جامع تفصیلات کے متعلق رہنمائی فراہم کرنے کے لیے لائسنس جاری کرنے کے معیارات مشتہر کردیے گئے ہیں۔

یاد رہے کہ کریڈٹ بیوروز ایکٹ 2015ء کے تحت اسٹیٹ بینک کریڈٹ بیوروز کی ضابطہ کاری اور نگرانی کا واحد ادارہ ہے۔ یہ ایکٹ نجی کریڈٹ بیوروز کے حوالے سے اسٹیٹ بینک کو لائسنس جاری کرنے، پالیسی رضوابط تشکیل دینے اور عملدرآمد کے لیے ضروری اقدامات کرنے کا اختیار دیتا ہے۔

کریڈٹ بیوروز کے ضوابط، لائسنس جاری کرنے کے معیارات اور دیگر متعلقہ معلومات اسٹیٹ بینک کی ویب سائٹ (sbp.org.pk) پر دستیاب ہیں۔

****